2025年5月13日ジャング紙ラホール版1面

# نیویارک کا روز ویلٹ ہوٹل بہترین لوکیشن، اچھی پراپرٹی، جوائنٹ وینچر پر چلانے پر غور کررہے ہیں، خواجہ آصف

**13مئی ، 2025**

اسلام آباد (نمائندہ جنگ) وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ حکومت روز ویلٹ ہوٹل نیویارک کو جوائنٹ ونچر پر چلانے پر غور کر رہی ہے، یہ بہترین لوکیشن پر اچھی پراپرٹی ہے‘ نیویارک میں روزویلٹ ہوٹل جیسی کوئی اورعمارت نہیں‘ روز ویلٹ بیچنے سے جو پیسہ ملے گا اس کا فائدہ وقتی تو ہو جائے گا یا کوئی قرض اتر جائے گا لیکن حکومت کی کوشش ہے کہ روز ویلٹ نیویارک پر جوائنٹ ونچر کر لیا جائے جس کا طویل المدتی فائدہ ہوگا جبکہ نجکاری نے قومی اسمبلی کو بتایا ہے کہ کابینہ کمیٹی برائے نجکاری کے فیصلے کی روشنی میں پہلے مرحلے میں پی آئی اے، فرسٹ ویمن بینک، ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن، زرعی ترقیاتی بینک، پاکستان انجینئرنگ کمپنی، آئیسکو، گیپکو، فیسکو اور سندھ انجینئرنگ لمیٹڈ کی نجکاری کی جائے گی، کابینہ کمیٹی برائے نجکاری نے 2 اگست 2024ء کو ہونیوالے اجلاس 24 اداروں کی نجکاری کی منظوری دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق پیر کو قومی اسمبلی میں وقفہ سوالات کے دوران خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ نیویارک میں روزویلٹ ہوٹل جیسی کوئی اور عمارت نہیں‘ اس کے دو راستے ہیں اور اسے مرکزی حیثیت حاصل ہے، 19 منزلہ عمارت ہے کوشش ہے اس پر جوائنٹ وینچر ہو جائے تو فائدہ ہو گا۔ علاوہ ازیں وقفہ سوالات میں وزارت نجکاری نے بتایا کہ 24 اداروں کی تین مراحل میں نجکاری کی جائے گی، فیز ون میں ایک سال کے اندر فیز 2 میں ایک سے تین سال میں جبکہ فیز تھری میں 3 سے 5 سال میں نجکاری کی جائے گی۔